39903 ـ کیا انٹرنیٹ کی دوکان سے کمائی حرام ہے یا حلال؟

سوال

انٹرنیٹ کیفے کی کمائی حلال ہے یا حرام، یہ علم میں ہونا چاہیے کہ ایك مسلمان خاندان کا صرف یہی واحد ذریعہ آمدن ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انٹر نیٹ حلال اشیاء میں بھی استعمال ہوتا ہے اور حرام میں بھی اور خیر و شر دونوں کے لیے، لہذا اگر کیفے کو کنٹرول کرنا ممکن ہو اور حرام کام کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے تو اس وقت اس سے حاصل شدہ کمائی حلال ہو گی.

اور اگر کیفے کا مالك اپنے گاہکوں پر انکار اور انہیں حرام کام سے روکنے میں سستی اور کاہلی سے کام لے تو برائی کا انکار نہ کرنے اور گناہ اور معصیت میں ان کا تعاون کرنے کی بنا پر وہ گنہگار ہو گا، اور اس سے حاصل کردہ کمائی حرام اور خبیث ہو گی.

مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (34672) کا جواب ضرور دیکھیں.

واللہ اعلم.